مُنحمنّا

از جناب عبدالعزیز خالد ۔ [illegible]
صفحات ۱۲۴ قیمت ۵۰/۲ [illegible] ٹائپ بہترین [illegible]

جناب عبدالعزیز خالد صاحب ایک قادر الکلام شاعر [illegible] قدر کتابوں کے مصنف اور [illegible] نگارش ہیں۔ ملک میں پیش نظر کتاب حضور نبی کریم علیہ السلام [illegible] و مناقب میں مصنف کی عقیدت [illegible] کلام کا مجموعہ ہے۔ مصنف کو ترکیب عبارات اور نئے نئے الفاظ [illegible] اصطلاحات میں بے پناہ دسترس [illegible] ہے۔ کتاب پانچ ابواب پر تقسیم ہے۔ ہر شعر میں حضور نبی کریم علیہ السلام [illegible] شئونات و مقامات اور مختلف [illegible] حالات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ مصنف نے کئی جگہ غیر مانوس ہندی وغیرہ [illegible] کلمات بھی استعمال کئے ہیں [illegible] (۳۹) بعض اشعار میں تعقید پایا جاتا ہے۔ ایسے اشعار کی تشریح بھی [illegible] درج ہوتی تو بہتر ہوتا۔ مجموعی [illegible] کتاب نعتیہ کلام میں بیش بہا اضافہ ہے۔ سطر سطر سے عظمت، عقیدت [illegible] محبت رسول ٹپک رہی ہے [illegible] مصنف اور قارئین کو اس کی برکات سے مالا مال فرمادے۔

القاموس الجدید (اردو عربی ڈکشنری)

مرتبہ مولانا وحید الزمان قاسمی کیرانوی ۔ صفحات ۹۲۲
پاکٹ سائز ـــــ قیمت مجلد نو روپے

ناشر مکتبہ حمیدیہ سٹلائٹ ٹاؤن میرپور خاص (سندھ) ـــــ عربی سے اردو لغات اور تراجم کی ڈکشنریاں تو بہت ہیں۔ اس کتاب میں فاضل اور لائق مرتب نے بڑی محنت اور عرقریزی سے اردو سے عربی ترجمہ کی یہ ڈکشنری مرتب کی ہے۔ فاضل مؤلف نے برصغیر ہند و پاکستان میں رائج الفاظ کے علاوہ دوسری زبانوں کے وہ الفاظ بھی شامل کئے ہیں جو زندگی کے کسی شعبہ میں داخل ہوچکے ہیں، اور پھر ایک ایسا معجم نہیں جس میں صرف اردو الفاظ کا مفہوم موجودہ عربی زبان میں منتقل کیا گیا ہو۔ بلکہ مفرد الفاظ کیسا تھ ان کے استعمالات اور متعلقہ ضروری ترکیبات بھی ذکر کی ہیں۔ ادارہ فروغ عربی پاکستان (میرپور خاص) نے مصنف کی اجازت سے اسے شائع کرکے عربی زبان وادب کی بیش بہا خدمت انجام دی ہے ۔ حق تعالیٰ قبول فرمادے۔

سبیل الرشاد فی تفریق التبادلہ والشغار

از جناب مولانا فضل حق ہاشمی سلفی صفحات ۸۰
قیمت ایک روپیہ ۔ ملنے کا پتہ :۔ ناظم مالیات جمعیۃ

اہل حدیث محلہ یارو خیل ۔ میانوالی ـــــ نکاح تبادلہ (بٹہ مروج) اور شغار (جس میں ایک شخص اپنی بیٹی کو اس شرط پر نکاح کردے کہ وہ اسکو اپنی لڑکی بیاہ دے اور دونوں طرف مہر نہ ہو۔) کے درمیان فرق ظاہر کیا گیا ہے کہ پہلی صورت جائز اور دوسری حرام ہے۔ مسئلہ کی نوعیت کے بارہ میں ارشادات نبوی، اجماع صحابہؓ اور تابعینؒ وغیرہ کے اقوال اور کئی اہل حدیث علماء کے فتاویٰ بھی نقل کئے گئے ہیں۔ مصنف خود اہل حدیث عالم ہیں مسئلہ کے ہر پہلو پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔